Music By Shanker Jaikishan

منروا مووی ٹون کا

76

# نوشیرواں عادل

नौशेरवाने आदिल

اداکاران

سہراب مودی

نسیم - مالا سنہا

بپن گپتا - مراد

اور

آغا

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

**سٹوری** نوشیروانِ عادل ایران کا ایک منصف شہنشاہ تھا
ایران سے ہندوستان تک بڑے بڑے حکومت
کرنے والے اسکے خراج گذار تھے۔ وہ انصاف کیلئے جیا۔ اور انصاف
کیلئے اُس نے سب کچھ قربان کر دیا۔ عدالت کی کرسی پر بیٹھ کر دیدہ سرد
کیلئے نوشیرواں اور منصف فیصلے کا قلم چلا دیتا ہے لیکن اگر خود
کو انصاف کی کسوٹی پر کس کر سونا ثابت کرے تو وہ منصف کیسا
ہے ـــــ آگے پردہ پر دیکھیں۔

**گانے** نوشیروانِ عادل کے

گانا نمبر ۱

یہ نزاکت یہ عالم شباب کا
ایک پیالہ بھرا ہے شراب کا
او کہیں چھلکے نا۔ او کہیں ڈھلکے نا
بھئی واللہ۔ ماشاءاللہ۔ ماشاءاللہ ماشاءاللہ
ٹھنڈی سانسیں کبھی سسکیاں ہیں
یادِ جاناں ہے اور ہچکیاں ہیں
حال پوچھو نا خانہ خراب کا
ایک پیالہ بھرا.....
چاہے ہونٹوں سے پی۔ چاہے آنکھوں سے پی
جینے کا مزہ ہے یہی زندگی
ذکر چھیڑے کیا حساب و کتاب کا
ایک پیالہ بھرا...

یہ جوانی کی راتیں مرادوں کے دن
خطرناک دنیا۔ خطرناک سین
پھول مُرجھا نہ جائے گلاب کا
ایک پیالہ بھرا....

گانا نمبر ۵

کہ خوشامد تو ہر اک چھوٹا بڑا راضی
سچ تو یوں ہے کہ خوشامد سے خدا راضی ہے
خوشامد ہے دنیا میں اعلیٰ
خوشامد کا ہے بول بالا
خوشامد نہ کی جس نے دُنیا میں رہ کر
نکلے گا اُس کا دیوالہ
کاروباری ہو یا سرکاری
ہر دفتر میں یہ بیماری
ذرا چوکے تو مُنہ ہو گا کالا
خوشامد کا ہے بول بالا
کہیے مالک تو گردن ہلا دو
ہاں جی ہاں۔ ہاں جی ہاں۔ ہاں جی ہاں
دن کو تارے بھی گِن کر دکھا دو
دھوپ کا رنگ بتلا دو کالا
خوشامد کا ہے بول بالا
خوشامد سے ابا بھی راضی
خوشامد سے جورو بھی راضی

کبھی گھر میں نہ ہوگا گھٹالا
خوشامد کا ہے بول بالا
بچ جو بوڑے تو کھاؤ گے ڈنڈے
کی خوشامد بڑا بچے اور انڈے
تر تراتا ملے گا نوالہ
خوشامد کا ہے بول بالا

گانا نمبر ۳

بھینی بھینی ہے میٹھی میٹھی ہے دھیمی دھیمی ہے کیوں ہوا
مل کے آئی ہے مستی چھائی ہے پھول لائی ہے دشمنا
مہک رہے ہیں دل جگر
نہ ہوش ہے نہ ہے خبر
کہیں پہ دل کہیں پہ ہم
ہے پھر خوشی تو کچھ ہے غم
نیا ہوا یہ ماجرا ـــــــ بھینی بھینی ہے....
کھلی ہے جو کلی کلی
مہکتی ہے گلی گلی
یہ کہہ رہی ہیں بلبلیں
صنم کے گھر چلو چلیں
بہار کا مزا لے ـــــــ بھینی بھینی ہے...

گانا نمبر ۴

بھول جائیں سارے غم۔ ڈوب جائیں پیار میں
بج رہی ہے دھن۔ رات کے ستار میں ـــ بھول جائیں...

ہنس رہے ہیں پھول جو۔ گا رہا ہے گلستاں
گا رہا ہے کُل جہاں۔ گا رہا ہے آسماں
تو ہی تو کی ہے صدا۔ لاکھ ہیں ہزار ہیں — بھول جائیں..
شرم سے جو ہے ڈری۔ آرہی نہیں ہنسی
بے خودی میں بے خودی۔ کر رہی ہے گدگدی
ہم نہ ہیں قرار میں۔ دِل نہ ہے قرار میں — بھول جائیں...
عشق میں فرر نہیں۔ کچھ ہمیں خطر نہیں
بجلیوں سے ڈر نہیں۔ جل بھی جائے آشیاں
ہاں مگر بہار میں — جھول جائیں...

گانا نمبر ۵:- میرے دردِ جگر کی ہر دھڑکن۔ منزل کا پتہ بتلاتی ہے
جس جا پہ میرا دل ٹوٹا تھا۔ آواز ابھی تک آتی ہے
میرے دردِ جگر...
مر کے جئے پھر جی کے مرے — ہم تیری گلی میں آپہنچے
اب دیکھنا ہے اور آگے۔ تقدیر کہاں لے جاتی ہے — میرے درد...
ہے عشق کی ضد بے پردہ ہو۔ اور حُسن کی ضد ہے پردہ کر
ان دونوں کی ہاتھا پائی میں۔ یہ رات ہی گذری جاتی ہے — میرے درد..
افسوس ہے ہم روٹھ گئے۔ اور بات میری پوری نہ سُنی
یہ ساری کہانی ختم ہوئی۔ اب آخری ہچکی آتی ہے میرے درد..

گانا نمبر ۶:- تاروں کی زباں پر ہے محبت کی کہانی
اے چاند مبارک ہو تجھے رات سہانی
کہتے ہیں جسے چاندنی ہے نورِ محبت۔ تاروں سے سُنہری ہے ہمیشہ تیری قسمت
جا جا کے پلٹ آتی ہے پھر تیری جوانی — اے چاند...

چھایا ہوا دُنیا پہ محبت کا اثر ہے
کہتے ہیں جسے چاند میرا داغ جگر ہے
تاروں سے کہا کرتے ہیں یہ دِل کی کہانی — اے چاند۔۔۔
ہم ہوں نہ ہوں دُنیا یونہی آباد رہیگی
یہ ٹھنڈی ہوا اور یہ فضا یاد رہیگی
رہ جائیگی دُنیا میں محبت کی نشانی — اے چاند۔۔
گانا نمبر ۷: یہ حسرت تھی کہ اس دُنیا میں بس دو کام کر جاتے
تمہاری یاد میں جیتے تمہارے غم میں مر جاتے
یہ دُنیا ڈوبتی طوفان آتا اس قیامت کا
اگر دم بھر کو آنکھوں میں میری آنسو بھر جاتے
تمہاری یاد آ آ کر میرے نشتر چبھوتی ہے
وگرنہ دِل کے سارے زخم اتنے دِن میں بھر جاتے
کہاں تک دُکھ اُٹھائیں تیری فرقت اور جُدائی کے
اگر مرنا ہی تھا اِک دِن نہ کیوں پھر آج مر جاتے
گانا نمبر ۸ آجا آجا
رات ڈھلی۔ جان چلی۔ بے خبر۔ ہے کدھر میرے دِلربا
وہ تیری میری بات صنم یاد ہے
وہ ٹھنڈی ٹھنڈی رات مجھے صنم یاد ہے
سُونی پڑی میری گلی بے خبر۔ ہے کدھر میرے دِلربا
رات ڈھلی۔ جان چلی۔۔۔
پھیکے پڑے ہیں سارے نظارے
ڈوب چلے ہیں رات کے تارے

دردِ جگر کہاں تجھ کو پُکارے
سُوکھ گئی دِل کی کلی - بے خبر۔ بہے کدھر میرے دِلرُبا
رات ڈھلی - جان چلی...
تیز بہتے ہوئے منجدھار کے پانی سے نہ ڈر
ناؤ بن جائیگا تیرے لیئے ہر ایک بھنور
دِل پہ رکھ ہاتھ محبّت کے سہارے آجا - آجا۔ آجا۔ آجا

گانا نمبر ۹

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام
وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا
مطلب کی یہ دُنیا ہے، یہاں کون کسی کا ہوتا ہے
دھوکہ دے دیتے ہیں وہی جن پر کہ بھروسہ ہوتا ہے
خونِ جگر سے باغ کو سینچا۔ پھُول کھِلے تو آگ لگی
جل ہی گئی جب ساری دُنیا۔ رونے سے اب کیا ہوتا ہے
مطلب کی...
باغ میں سیر کو آئے تھے - اِک داغ جِگر میں لے کے چلوں
رنگینیوں میں بھول گئے - ہر پھُول میں کانٹا ہوتا ہے
مطلب کی ..
بے ہوشیوں میں دِل کھو بیٹھے جب ہوش آیا تو یہ سمجھے
سب جسکو محبّت کہتے ہیں، دراصل وہ دھوکہ ہوتا ہے۔
مطلب کی...

ختم شُد

# آسان اُردو انگلش ٹیچر

زمانہ حال میں انگریزی بھی ایک بہت ضروری زبان ہے۔ اگر آپ یہ زبان جانتے ہیں تو آپ کہیں بھی چلے جائیں آپکی ہر جگہ قدر ہوگی۔ اس زبان کو جو نہیں جانتا اس کو کافی پریشانی اُٹھانی پڑتی ہے۔ اگر آپ اس پریشانی سے نجات پانا چاہتے ہیں۔ اور انگریزی سیکھنے کا شوق رکھتے ہیں تو آج ہی ہمارے ہاں سے نایاب کتاب اُردو انگلش ٹیچر منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے ہر شخص بغیر اُستاد کی مدد کے انگریزی میں بات چیت کر سکتا ہے۔

قیمت صرف ۔/۱/۱ے محصولڈاک مُعاف

# اُردو ہندی ٹیچر

آجکل اُردو اور انگریزی کے ساتھ زندگی کی ضرورتوں میں ہندی کی ضرورت بھی ہے۔ اس لیئے آپ ہمارے ہاں سے ہندی سکھانے والی کتاب منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے بھی بغیر اُستاد کے ہر مرد و عورت بڑی آسانی سے گھر بیٹھے ہندی پڑھنا لکھنا سیکھ سکتے ہے

قیمت صرف ۔/۱/۸/۱ محصولڈاک معاف

**رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی**